تجلیاتِ صفدر

جلد پنجم

مناظرِ اسلام ترجمانِ اہلسنّت وکیلِ احناف

حضرت مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی

ترتیب تسہیل وتصحیح

مولانا نعیم احمد

مدرس: جامعہ خیر المدارس ملتان شہر

مکتبہ امدادیہ

ملتان - پاکستان فون: [illegible]

تجلیاتِ صفدر

جلد پنجم

تالیف

مناظرِ اسلام، وکیل اہل السنّت والجماعت

حضرت مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی رحمہ اللہ

عنوانات و ترتیب و تصحیح

مولانا نعیم احمد

اُستاذ جامعہ خیر المدارس ملتان

ناشر

مکتبہ امدادیہ ملتان پاکستان

نام کتاب: تجلیات صفدر (جلد پنجم)

مصنف : مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی رحمہ اللہ

مرتب : مولانا نعیم احمد صاحب

مدرس جامعہ خیر المدارس ملتان

کمپوزر : حافظ محمد نعمان حامدؔ

ناشر : مکتبہ امدادیہ، ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان، پاکستان

ملنے کے پتے

مکتبہ رحمانیہ، اردو بازار لاہور

کتب خانہ رشیدیہ، راجہ بازار راولپنڈی

مکتبۃ العلم، اردو بازار لاہور

اسلامی کتب خانہ، اردو بازار لاہور

عرضِ مرتب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دین اسلام ایک مکمل دین ہے، جیسا کہ ارشاد ربانی ہے الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی الایہ اور یہ تکمیل دین رحمۃ للعالمین سید الرسل، سید البشر، نور ہدایت نبی کریم ﷺ کے ذریعے ہوئی اور پھر اس مکمل دین کو چار دانگ عالم میں پھیلانے والے برگزیدہ جماعت صحابہ کرام خصوصاً خلفاء راشدین ہیں، جنہوں نے اپنے زمانہ خلافت میں اسلام کو دیگر ادیان باطلہ پر غالب کر دیا۔ اس طرح تمکین دین حضرات صحابہ کرام کے ہاتھوں ہوئی اور لیظھرہ علی الدین کلہ اور ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضی لھم کا واسطہ صحابہ کرامؓ بنے، پھر صحابہ کرام کے بعد ضرورت تھی کہ اس دین اسلام کو مکمل طور پر مدون کرا دیا جائے تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرات مجتہدین خصوصاً ائمہ اربعہ کا انتخاب فرمایا، جنہوں نے اسلام کو مدون فرما کر امت مسلمہ پر عظیم احسان فرمایا۔

اور پھر حدیث بعد المأتین کے تحت حضور ﷺ کی پیشین گوئی سچی ثابت ہوئی اور بارہ سو سال بعد دین اسلام پر اعتراض کرنے والے انگریز کے دور میں کھڑے ہوئے یعنی نیچریت، مرزائیت اور لامذہبیت جیسے فتنوں نے سر اٹھایا۔ ان فتنوں کی سرکوبی کے لئے حضرات علماء دیوبند نے خوب کام کیا اور تطہیر دین کا فریضہ سرانجام دیا۔ اس تطہیر دین کا فریضہ سرانجام دینے والوں کی لسٹ پر جب ہم نظر ڈالتے ہیں تو ان میں ایک نام ہمیں مولانا محمد امین صفدر اوکاڑویؒ کا بھی نظر آتا ہے، جنہوں نے دور حاضر کے تمام فتنوں، خواہ وہ فتنہ

مرزائیت ہو یا رافضیت، فتنۂ انکارِ حدیث ہو یا فتنۂ لامذہبیت، (غیر مقلدیت) خواہ وہ فتنہ بدعت ہو یا مماتیت، کے خلاف کام کیا۔

الغرض وہ الحاد و بدعت کے ہر قسم کے فتنوں کے خلاف تحریراً اور تقریراً مسلسل کام کرتے رہے۔ یہ آپ کے ہاتھوں میں تجلیاتِ صفدر کی پانچویں جلد بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

اس پانچویں جلد میں ہم نے اولاً حضرت کے وہ مضامین جمع کر دیے ہیں جن میں آپؒ نے فقہ حنفی پر ہونے والے اعتراضات کے جوابات دیے ہیں اور پھر قربانی سے متعلق آپ کے تحریر کردہ مضامین رکھے ہیں، اور اس کے ساتھ دو مضمون مقدمہ آثارِ خیر اور مسئلہ ایصالِ ثواب بھی شامل کر دیے ہیں۔ اور آخر میں غیر مقلدین کے مذہبی، سیاسی، معاشرتی و معاشی تعارف میں جتنے مضامین حضرت نے تحریر فرمائے تھے ان کو یکجا اس جلد میں جمع کر دیا ہے۔ اس طرح قارئین کو یقیناً ایک موضوع سے متعلق مواد یکجا مل جائے گا۔

آگے مزید چھٹی جلد بھی کمپوزنگ کے مراحل میں ہے۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حضرت اوکاڑویؒ کے دیے ہوئے علم کو سمجھنے، پڑھنے اور اس پر عمل کرنے اور اس کو پھیلانے کی توفیق عطا فرمائے اور حاسدین کے حسد سے بچائے۔ آمین۔

نعیم احمد